© rasailojaraid.com



خواجہ حسین

# زبان میری ہے بات اُن کی

—— فوج چاہتی تھی کہ سندھ میں جن ملزموں کو وہ پکڑے ان کو فیصلے تک ضمانت پر رہا نہ کیا جائے (غلام سرور چیمہ وزیر مملکت)

اور آپ اپنے جیالوں کو فوج کے حوالے کرنا نہیں چاہتے۔

—— ممتاز راٹھور کی بے نظیر سے ملاقات۔ (ایک خبر)

بدھو میاں بھی محترمہ باندی کے ساتھ ہیں

گو مشتِ خاک ہیں مگر آندھی کے ساتھ ہیں

—— یوم سیاہ منانے والوں کے مقابلے میں قرآن و سنّت پر زیادہ یقین رکھتے ہیں۔ (طارق رحیم)

اسی لئے تو شراب کے زیادہ لائسنس آپ کے دور میں جاری کئے گئے ہیں۔

—— قرض لینا سنّتِ نبویؐ ہے۔ (طاہر القادری)

اور قرض لے کر بجارو، کلاشنکوف اور باڈی گارڈ رکھنا سنّتِ "نقوی" !

—— قائدِ اعظم پاکستان کو صرف مسلمانوں کی اقتصادی حالت بہتر بنانے کے لئے حاصل کر کے اسے سیکولر ملک بنانا چاہتے تھے (سردار شوکت حیات۔ ہفت روزہ ثالث)

پھر وہ دو قومی نظریہ کیا تھا —— سردار صاحب گھڑی دیکھیں، بارہ تو نہیں بج رہے!

—— ہم کسی عالمِ دین کو اجازت نہیں دے سکتے کہ وہ ہماری نمائندگی کرے۔ (ایک مغرب زدہ چھنال)

آپ کی نمائندگی تو اُس بازار کا دلّال ہی کر سکتا ہے جناب!

—— بے نظیر ہمیشہ اپنے وعدوں سے ہٹ جاتی ہیں۔ (مولانا فضل الرحمٰن)

ساون کا مہینہ ہے —— ساجن سے جدا رہ کر جینا کوئی جینا ہے!

—— شریعت بل اور شریعت محمدیؐ میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ (فیصل صالح حیات)

نہیں نہیں۔ شریعت بل اور فقہ جعفریہ میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

—— اللہ اقتدارِ اعلیٰ کا مالک ہے اور پارلیمنٹ اس کے نائبین پر مشتمل ہے۔ (بے نظیر)

اللہ کے "نائبین" ۔ بے نظیر، نصرت بھٹو، طارق رحیم، جہانگیر بدر، آصف زرداری،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



افتخار گیلانی ، اشرف عباسی ، ریحانہ سرور ، خان بہادر ، یحییٰ بختیار ، ممتاز اعوان ۔ فبای الاء ربکما تکذبان !

—— اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے نسیم احمد قادیانی انتقال کر گئے ۔ (ایک خبر)

خس کم جہاں پاک !

—— جب ہماری باری آئی ، انکوائری ختم کر دی گئی ۔ (طاہر القادری)

ساڈی واری آئی تے بدھو رو پیا !

—— وفاقی حکومت شریعت بل کے خلاف تحریک چلائے گی ۔ (ایک خبر)

کیونکہ شریعت بل سے وفاقی حکومت کی حرام زدگیوں پر زد پڑتی ہے ۔

—— پاکستان چار سانڈوں میں گھرا ہوا ہے ۔ رستہ کوئی مدبر حکومت ہی نکالے گی ۔ (ولی خان)

نہیں ۔ رستہ کوئی مدبر وہ بھینس ہی نکالے گی ۔

—— وزیر اعظم بے نظیر کی کربلائے معلیٰ اور نجف اشرف میں حاضری ۔ (ایک خبر)

مکے گئی مدینے گئی ۔ کربلا گئی ۔ جیسے گئی تھی ویسے ہی چل پھر کے آ گئی ۔

—— گورباچوف کی والدہ نے رنگین ٹی وی خرید کر لیا (ایک خبر)

پاکستان کے اشتراکی کوچہ گردوں کو مبارک !

—— کابینہ نے خواتین کی فیڈرل پولیس فورس بنانے کی منظوری دے دی ۔ (ریحانہ سرور)

روزانہ سروس پہ رہنے والی مردانہ پولیس کے لئے خوشخبری !

—— موجودہ حالات میں شریعت کا نفاذ نفاق کا باعث ہوگا ۔ (معراج محمد خان)

اپنا نام معراج محمد خان کی بجائے نفاق نظیر خان رکھ لیں تو بہتر ہے ۔

—— بازار میں پیدا ہونے میں کسی کی مرضی کا دخل نہیں یہ صرف خدا کی مرضی پر منحصر ہے کہ کون کہاں جنم لے گا ۔

(اداکارہ محترمہ گوری صاحبہ)

یہ سب کچھ جانتے ہوئے بھی جب گوری بازار سے نہیں نکلے گی تو اور گوریاں جنم لیتی رہیں گی ۔

—— صدر غلام اسحاق خان کو صدر بش کی عید مبارک ۔ (ایک خبر)

عید مبارکاں ... ؟ خطرہ ... خطرہ ... خطرہ

—— شریعت بل کے ذریعے ملاؤں کو اتھارٹی دی جا رہی ہے ۔ (مبشر حسن)

اور جمہوریت کے ذریعے بدمعاشوں کو اتھارٹی دی جا چکی ہے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



——— زمانہ جاہلیت کے بے اصول عرب قبائل بھی محرم الحرام کا احترام کرتے تھے۔ (بے نظیر)

کیا اسی طرح جس طرح آج ایرانی دھرم کے پجاری دہشت گردی کا بازار گرم کرتے ہیں؟

——— ۱۴۱۱ھ سالِ نبیؐ کے طور پر منایا جائے گا۔ (خان بہادر)

کبھی شیشے میں اپنی شکل دیکھی ہے جناب۔ خاندانی صاحب؛

——— ہم انسانوں کے ہاتھ، کان کاٹنا مناسب نہیں سمجھتے۔ (بے نظیر)

پھر تو بی بی! آپ نے "بلادل" کے ختنے بھی نہیں کروائے ہوں گے!

——— جو بھی راہ میں آئے گا، ٹھوکر مار کر ہٹا دیں گے۔ (اعجاز الحق، ہمایوں اختر)

؎ راستے بند کئے دیتے ہو دیوانوں کے ۔ شہر میں ڈھیر نہ لگ جائیں گریبانوں کے

——— پیپلز پارٹی میں کوئی مائی کا لال بے نظیر کو چیلنج نہیں کر سکتا۔ (راؤ سکندر)

آمریت اسی کو کہتے ہیں۔

——— سردار ابراہیم میرے باپ کی طرح ہیں۔ وہ ہونٹ ہلائیں، تعمیل ہوگی۔ (ممتاز راٹھور)

آخر یہ ہونا تھا ——— ہم کو یوں ہی ہنسنا تھا، تم کو یوں ہی رونا تھا!

——— میری حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لئے کوشاں ہے۔ (بے نظیر)

یہ تو ایسے ہی ہے جیسے کوئی کہے کہ شمر کربلا گامے شاہ میں مجلس پڑھ رہا ہے۔

——— خاتون ڈرائیور نے کانسٹیبل کی جان لے لی۔ (ایک خبر)

تھانوں میں خواتین کے ساتھ وحشیانہ سلوک کا انجام!

——— فرانس کا پانی پینے والے غریبوں سے سوکھا ٹکڑا بھی چھین رہے ہیں۔ ۲۵ لاکھ کا باورچی خانہ اور دس ہزار ڈالر کا بیڈ بنانے والے غریبوں کے ترجمان بن گئے ہیں۔ (شیخ رشید)

؎ رُتوں پہ بس نہ چلا ورنہ یہ چمن والے ۔ فضائیں بیچتے۔ نیلام رنگ و بو کرتے!

---

بقیہ از صـ ۶۲

کرتے ہوئے کہا۔ حافظ جی ایک بہترین فٹ بالر تھے۔ فٹ بال کے کھیل کے فروغ اور نوجوان نسل کی اصلاح کے لئے مرحوم کی یاد ہمیشہ کھلاڑیوں کے دلوں میں آباد رہے گی۔ ہم کھیل کے میدان میں حافظ جی مرحوم کی کمی شدت سے محسوس کرتے رہیں گے۔

© rasailojaraid.com